دسمبر 2019 | B.Ed Regular (ریگولر) بی۔ایڈ | پہلا سمسٹر I Semester

پرچہ : تعلیم کی فلسفیانہ بنیادیں

Paper - 19BED101CCT : Philosophical Foundations of Education

گھنٹے 3 Hrs : وقت : Time | Maximum. Marks 70 : جملہ نشانات

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں 8 سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی 05 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 06 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی 03 سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

i) 'فلسفہ اور تعلیم ایک ہی سکے کے دو پہلو ہے۔' یہ قول کس کا ہے؟

(a) روسو (Rousseau) (b) افلاطون (Plato) (c) راس (Ross) (d) کانٹ (Kant)

ii) کلکتہ مدرسہ کب قائم ہوا؟

(a) 1781 (b) 1765 (c) 1791 (d) 1800

iii) مشہور کتاب 'ہندوستان میں حصول آزادی' (India Wins Freedom) کا تعلق کس سے ہے؟

(a) ڈاکٹر ذاکر حسین (b) سرسید احمد خان (c) علامہ اقبال (d) مولانہ ابوالکلام آزاد

iv) یوگ فلسفہ (Yoga Philosophy) کا بانی کسے کہا جاتا ہے؟

(a) کپل منی (b) پتانجلی (c) شنکر (d) مہارشی گوتم

v) اقدار کی نشو نما کا ذریعہ ہے؟

(a) ثقافت (b) سماج (c) مذہب (d) مذکورہ بالا سبھی

vi) درجِ ذیل میں سے کس کے مطابق تعلیم ایک دو قطبی (Bipolar Process) عمل ہے۔:

(a) جان ڈیوی (John Dewey) (b) ایڈمس (Adams)
(c) ہربرٹ (Herbert) (d) سکرات (Socrates)

vii) درجِ ذیل میں سے کس فلسفہ کی سب سے بڑی خوبی طفل مرکوز تعلیم (Child Centred Education) ہے؟

(a) فلسفہ عملیت (b) فلسفہ تصوریت (c) فلسفہ فطرتیت (d) فلسفہ حقیقت پسندی

(viii اسپرینجر (Spranger) نے اقدار کو کتنے درجوں میں تقسیم کیا ہے؟

(a) 2 (b) 4 (c) 3 (d) 6

(ix معلم کا اپنے پیشے، طلباء اور سماج کی بہتری کے لیے اپنے آپ سے کیا گیا عہد اور اس کی پابندی کو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہے۔

(a) پیشہ ورانہ استعداد (b) پیشہ ورانہ دلچسپی (c) پیشہ ورانہ پابندیِ عہد (d) پیشہ ورانہ مہارت

(x 'ہندوستان کی تقدیر اب اس کے کمرہ جماعت میں تشکیل دی جا رہی ہے' یہ معنی خیز جملہ کس کمیشن کی رِپورٹ میں ملتا ہے؟

(a) کوٹھاری کمیشن (Kothari Commission)

(b) ہنٹر کمیشن (Hunter Commission)

(c) یونیورسٹی ایجوکیشن کمیشن (University Education Commission)

(d) سیکنڈری ایجوکیشن کمیشن (Secondary Education Commission)

حصہ دوم

2. تعلیم کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے اہم مقاصد کی وضاحت کیجیے۔

3. فلسفۂ عملیت کے مطابق تعلیم کا نصاب اور طریقۂ تدریس کس طرح کی ہونی چاہیے؟ واضح کیجیے۔

4. ووڈ ڈِسپیچ (Wood Despatch) کی کوئی پانچ اہم سفارشات کو تحریر کیجیے۔

5. تعلیم کے شعبے میں مولانا آزاد کی خدمات پر مختصر نوٹ لکھیے۔

6. اسلامی نظامِ تعلیم کی چند اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

7. فلسفہ کا مفہوم واضح کیجئے۔ اساتذہ کے لیے فلسفۂ تعلیم کی اہمیت بیان کیجیے۔

8. مستقبل کے سماج کی تعمیر و تشکیل میں معلم کے کردار پر بحث کیجیے۔

9. 'طلباء کو اقدار کی تعلیم کیسے دی جائے؟' اس کے لیے عملی تجاویز پیش کیجیے۔

حصہ سوم

10. ویدک دور کی تعلیم کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ ویدک دور اور بدھ دور کے تعلیمی نظام کا تقابلی جائزہ پیش کیجیے۔

11. درج ذیل میں کسی ایک مفکّر کے تعلیمی فلسفے کی وضاحت درسیات، معلم کا کردار، تعلیم کے مقاصد اور طریقۂ تدریس کی بنیاد پر کیجیے۔

(a) مہاتما گاندھی (Mahatma Gandhi) (b) سرسید احمد خان (Sir Sayed Ahmad Khan)

12. اقدار سے کیا مراد ہے؟ اسپرینگر (Spranger) کے اقدار کی درجہ بندی کو مثالوں کے ذریعے واضح کیجیے۔

13. فلسفۂ تصوریت (Idealism) سے کیا مراد ہے؟ اس کے مطابق تعلیم کے مقاصد، نصاب، طریقۂ تدریس، نظم و ضبط، اساتذہ، اسکول اور طلباء کیسے ہونے چاہئیں؟ بیان کیجیے۔

14. معلم کی پیشہ ورانہ اہلیتیں (Professional Competencies) کون۔کون سی ہے؟ سماج میں معلم کے مقام میں بہتری لانے کے لیے کیا اقدامات اپنائے جانے چاہئیں۔ واضح کیجیے۔

☆☆☆